خاں) بھی شامل ہے۔ پاکستان کی غیر مسلم اقلیتوں کے حوالے سے مقبول احمد بھٹی کا خصوصی مضمون بھی شامل ہے۔

رسالے میں کئی اور اہم موضوعات پر بھی مضامین ملتے ہیں لیکن ان مضامین کا اختصار گراں گزرتا ہے۔ کئی مضامین کے موضوعات تفصیل طلب تھے۔ آخر میں نئی کتابوں پر معلومات افزا تبصرے بھی شامل ہیں۔ امید ہے یہ رسالہ اپنی خصوصی اشاعتوں سے اہل علم کی پیاس بجھاتا رہے گا۔ (محمد ایوب منیر)

پاکستان کا نظریاتی بحران اور اقبال، مرتب: ثاقب اکبر۔ ناشر: اخوت اکلوی، پوسٹ بکس ۱۴۳۷، اسلام آباد۔ صفحات: ۸۵+۱۴۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔

بلاشبہ وطن عزیز ایک شدید بحران میں مبتلا ہے۔ یہ بحران نظریاتی و اخلاقی بھی ہے اور معاشی و انتظامی بھی۔ اہل درد کو اس کا بخوبی احساس ہے اور اس پر شدید تشویش بھی۔ اسی ضمن میں اخوت اکلوی نے اسلام آباد میں "پاکستان کا نظریاتی بحران اور اقبال" کے موضوع پر ایک سیمی نار منعقد کیا، عنوان تھا "پاکستان کا نظریاتی بحران اور اقبال"۔ زیر نظر کتابچہ اسی مذاکرے کے مقالات پر مشتمل ہے۔ اقبال کے نظریہ ثقافت، نظریہ اجتہاد اور تصور قومیت کے حوالے سے قاضی حسین احمد، ڈاکٹر رحیم بخش شاہین، ثاقب اکبر، پروفیسر شاہد کامران اور جاوید حسین نے اپنی اپنی دانست میں مسئلے کا حل پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ قاضی صاحب نے زیادہ تر "اسرار و رموز" کے حوالے سے اقبال کی اسلامی قومیت کا تصور اجاگر کیا ہے، جو ان کے خیال میں دراصل قرآن کریم سے ہی اخذ کیا گیا ہے لہٰذا مسئلے کا حل قرآن کریم کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے ہی میں مضمر ہے۔ باقی مقالات نسبتاً علمی (Academic) نوعیت کے ہیں مگر یہ بات ان سے بھی واضح ہے کہ ہمارا تہذیبی اور ثقافتی سرچشمہ قرآن حکیم ہی ہے اور اسی کی روشنی میں موجودہ بحران سے عہدہ برآ ہونا ممکن ہے۔ (د-ہ)

مطبوعات موصولہ

☆ **اورینٹل کالج میگزین ۱۹۹۷**، مدیر: ڈاکٹر ظہور احمد اظہر۔ ناشر: پنجاب یونی ورسٹی اورینٹل کالج، لاہور۔ صفحات: ۳۱۴۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [خصوصی اشاعت: اورینٹل کالج کے موجودہ اساتذہ کے کوائف و مطبوعات کی تفصیل--- ۲۸ اساتذہ کی تصانیف، مقالات اور ان کے زیر نگرانی ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے تحقیقی مقالات کی فہرست--- اس خاص نمبر کو کالج ہی کے ایک استاد ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی نے مرتب کیا ہے]۔

☆ **الترغیب والترہیب** جلد اول، حافظ زکی الدین عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری۔ ترجمہ: مولانا محمد عثمان۔ ناشر: زم زم پبلشرز، نزد مقدس مسجد، اردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۳۶۵۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [ساتویں صدی ہجری کے حافظ المنذری کی تصنیف کا خلاصہ اور ترجمہ و شرح، کتاب العلم، کتاب الطہارۃ، علم کے فضائل، طہارت اور نماز کے آداب و مسائل پر احادیث و روایات کا عربی متن مع اعراب اور ترجمہ و تشریح، اشاعت کا عمدہ معیار]۔